ST
(PVT) LTD

HAJJ ORGANIZERS ASSOCIATION
HOAP

# صفی ٹریولز

طویل دورانیہ **10,70000** پرائیویٹ لمیٹڈ

## العجیر منظم (پرائیویٹ) لمیٹڈ

## حج 2025ء (1446 ھجری)

انرولمنٹ نمبر-1207/P منظم نمبر-20295

فون نمبر 0092-966-720067 موبائل نمبر پاکستان 0333-9960717

فیکس نمبر 0092-966-731780 ای میل saffitravel1207@gmail.com

نزد ڈاکٹر دُرانی کلینک شمالی سرکلر روڈ، ڈیرہ اسماعیل خان (خیبر پختونخواہ)

ST (PVT) LTD

HAJJ ORGANIZERS ASSOCIATION HOAP

# صفی ٹریولز

طویل دورانیہ **11,75,000** پرائیویٹ لمیٹڈ

## العجیر منظم (پرائیویٹ) لمیٹڈ

## حج 2025ء (1446 ھجری)

انرولمنٹ نمبر-1207/P منظم نمبر-20295


فون نمبر 0092-966-720067 موبائل نمبر پاکستان 0333-9960717

فیکس نمبر 0092-966-731780 ای میل saffitravel1207@gmail.com

نزد ڈاکٹر دُرانی کلینک شمالی سرکلر روڈ، ڈیرہ اسماعیل خان (خیبر پختونخواہ)

عموعی ہدایات، معلومات و پیکج تفصیلات (معاہدہ مابین حجاج کرام وحج آرگنائزر)

# جب آپس میں کوئی معاہدہ کروتو اس کو ضبط تحریر میں لاؤ (القرآن)

بلاشبہ حج ایک مقدس اور عظیم عبادت ہے جو کہ مشقت طلب ہے۔ پرائیویٹ حج سکیم کے حجاج کا انتظام پرائیویٹ حج گروپ آرگنائزرز کے ذریعے ہوتا ہے، جسمیں وزارت مذہبی امور پاکستان اور سعودی عرب کے علاوہ بہت سے اداروں کا عمل دخل ہوتا ہے حج گروپ آرگنائزرز اپنے گروپ کے تمام حجاج کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اپنے حاجی کے تعلقات کو شفاف رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ حاجی کو معلوم ہو کہ کس ادارے کی کیا ذمہ داری ہے تا کہ اس کا سفر آسان ہو جائے۔ ہر ادارے کی ذمہ داری اس معاہدے میں درج ذیل کر دی گئی ہے۔

# فہرست


| نمبر شمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | عمومی شرائط/ معلومات برائے حجاج کرام | 2-3 |
| 2 | سعودی وزارتِ حج کی ذمہ داریاں/ معلمین کی ذمہ داریاں/ وزارتِ مذہبی امور پاکستان کی ذمہ داریاں | 4 |
| 3 | ایئرلائن کی ذمہ داریاں/ کمپنی کی خدمات/ حجاج کرام کی ذمہ داریاں/ دیگر تفصیلات | 5-6 |
| 4 | حج پیکج برائے حج 2025ء | 7-6 |
| 5 | اقرار نامہ | 8 |

## عمومی شرائط/ معلومات برائے حجاج کرام

☆ حج گروپ میں شامل ہر حاجی کمپنی کے پروگرام اور ہدایات کا پابند ہوگا۔

☆ حج روانگی اور واپسی کا شیڈول ائیر لائن میں بکنگ کے بعد ہی مختص ہوگا۔ فلائیٹ شیڈول آتے ہی کمپنی اسی حساب سے اپنا پروگرام ترتیب دے گا۔ اگر کوئی حاجی فلائیٹ شیڈول طے ہونے کے بعد اپنا پروگرام تبدیل کرنا چاہے تو یہ حاجی کی اپنی انفرادی ذمہ داری ہوگی۔ اور اضافی خرچہ خود برداشت کرے گا۔

☆ کمپنی کی جانب سے منعقد کردہ تربیتی کلاسوں میں حاجی کی شرکت کرنا لازمی ہے اگر کوئی عازم حج کسی وجہ سے ان کلاسوں میں شریک نہیں ہو پاتا تو تربیت کے حوالے سے کمپنی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

☆ ہر حاجی پر لازم ہے کہ وہ حج کرنے کا طریقہ کار اور فرائض کو خوب سیکھ لے تا کہ حج کو صحیح طریقہ سے ادا کر سکے۔

☆ حج کلاسز میں تربیتی امور کیساتھ ساتھ انتظامی اور دیگر معاملات بھی طے کیئے جاتے ہیں۔ لہذا جو بھی حاجی ان کلاسوں میں شریک نہیں ہوگا تو تمام فیصلوں پر عمل کرنا اس پر لازمی ہے۔

☆ اگر کوئی درخواست گزار حج فارم جمع کرانے کے بعد کسی وجہ سے حج پر نہیں جا سکا اور مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ کی عمارتیں حاصل کرنے کے بعد اس کی اطلاع کرتا ہے۔ تو عمارتوں کی مد میں ادا کی گئی رقم واپس نہیں ہوگی۔ جبکہ باقی ماندہ رقم حکومت پاکستان کے قوانین کے مطابق حاجی یا اس کے وارث کو واپس کی جائے گی۔ مزید برآں جس وقت حج پر نہ جانے کی اطلاع کرے گا اس وقت تک جو اخراجات ہو چکے ہونگے وہ منہا کر لئے جائیں گے۔

☆ ہر حاجی پر پاکستان اور سعودی عرب کے قوانین کی پابندی لازمی ہے قوانین توڑنے اور غیر قانونی اشیاء حاجی کے پاس سے برآمد ہونے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری متعلقہ حاجی کی ہوگی۔ اور کمپنی ہر قسم کی ذمہ داری سے بری الذمہ ہوگی۔

☆ حج فارم بھرنے کے بعد اگر کوئی حاجی حج پر نہ جائے تو اس کی جگہ دوسرا حاجی دینا اور Substitution فیس پہلا حاجی ادا کرے گا

☆ سامان کی حفاظت، نگرانی اس کی نقل و حمل حاجی کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔ اضافی سامان پر آنے والا کرایہ کسٹم وغیرہ ادا کرنا بھی حاجی کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔ اور کسی بھی حاجی کو اپنے کمرے میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں مہمان ٹھہرانے کی اجازت نہ ہوگی۔ ☆ امیگریشن کرانا ہر حاجی کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔

☆ حاجی کا شناختی کارڈ ڈیٹا نادرا سے کلیئر ہونا حاجی کی ذمہ داری ہوگی۔ ڈیٹا کلیئر نہ ہونے کی وجہ سے ویزہ ایمبیسی میں سٹیمپ نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی اور جو خرچہ ہو چکا ہوگا وہ حاجی سے کاٹا جائے گا۔

☆ کسی بھی نا گہانی صورتحال کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کی ذمہ داری کمپنی پر نہیں ہوگی۔

☆ سعودی عرب میں جدہ ایئر پورٹ سے مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور جدہ کے لئے ٹرانسپورٹ سعودی حکومت کے قوانین کے مطابق ملتی ہے لہذا جس طرح کی بھی بسیں ملتی ہیں وہی حجاج کرام کو استعمال کرنا ہوگی۔ یا دیر ہونے کی صورت میں حاجی کو انتظار کی زحمت برداشت کرنا ہوگی۔

☆ منیٰ اور اسی طرح عرفات کے لئے عموماً سعودی معلم کی طرف سے بسیں کم ملتی ہیں جس کی وجہ سے خواتین اور بزرگ حضرات کو ترجیحی بنیادوں پر سیٹیں دے کر باقی افراد کو کھڑے ہو کر یا بس کی چھت پر سفر کرنا پڑتا ہے اور ممکن ہے کہ پیدل بھی سفر کرنا پڑے۔

☆ عرفات اور منیٰ کے خیمے سعودی حکومت فراہم کرتی ہے اور وہ جگہ اتنی کم ہوتی ہے کہ ایک شخص کے حصے میں بمشکل 2x5 فٹ کی جگہ بن پاتی ہے لہذا اس موقع پر تمام حجاج کو لازماً ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔

☆ عرفات سے خواتین اور بزرگ حضرات کو بسوں میں بٹھا کر مزدلفہ میں قیام اضطراری کراتے ہوئے منیٰ روانہ کر دیا جاتا ہے۔ بسیں معلم فراہم کرتا ہے اس میں بھی تکلیف ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ بس کے مسافر ڈرائیور کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں۔ ہر قسم کی پریشانی کیلئے تیار رہیں۔ اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

☆ عرفات سے مزدلفہ پھر وہاں سے منیٰ تک عام سفر 30 سے 45 منٹ کا ہے مگر 9 ذوالحجہ کو سفر 6 سے 12 گھنٹے تک طوالانی ہو سکتا ہے۔ راستے میں بس کو روکنا ڈرائیور کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ لہذا ذہنی طور پر مشکل کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہیں۔

☆ بعض دفعہ بسوں کو راستہ نہ ملنے کی صورت میں منیٰ کے خیموں تک پیدل آنا پڑتا ہے لہذا اپنا سامان اتنا کم رکھیں کہ از خود اٹھا کر پیدل چل سکیں۔ انتظامیہ کسی کا سامان اٹھا کر لے جانے کی ذمہ دار نہیں ہے۔

☆ سعودی عرب میں خدانخواستہ حاجی بیمار ہونے کی صورت میں علاج کا تمام تر خرچہ حاجی خود برداشت کرے گا۔ کمپنی پر کسی قسم کی ذمہ داری نہیں ہوگی۔ اور اگر واپسی کی صورت میں ہوائی جہاز کا اضافی کرایہ ادا کرنا پڑے تو اسکا خرچہ کمپنی کے ذمہ نہ ہوگا بلکہ حاجی خود ادا کرے گا۔

☆ کمپنی جو پروگرام اور ٹائم حاجی کو دے گی اس کی پابندی حاجی پر لازم ہے۔ کیونکہ اگر اس ٹائم پر حاجی، حاجی کیمپ نہ پہنچ سکا یا ایئر پورٹ پر مقررہ وقت پر نہ پہنچ سکا اور حاجی حج فلائیٹ سے رہ جائے تو اسکی تمام ذمہ داری حاجی پر ہوگی اور کمپنی تمام ذمہ داری سے بری الذمہ ہوگی۔

## سعودی وزارتِ حج کی ذمہ داریاں

حج کے متعلق سعودی عرب میں ان تمام انتظامات کی نگرانی وزارت حج سعودی عرب کرتی ہے۔

جدہ اور مدینہ منورہ ایئرپورٹ پر حاجیوں کا استقبال اور سامان کی لوڈنگ وان لوڈنگ اور بسوں کا انتظام بذریعہ مکتب الوکلاء ہوتا ہے۔ حج گروپ آرگنائزرز کا اس میں کوئی عمل دخل نہیں ہوتا ائیرپورٹ پر تاخیر کی ذمہ داری حج گروپ آرگنائزر پر عائد نہیں ہوگی بلکہ صرف تعاون کوسکتا ہے۔

موسسہ جنوبی ایشیاء وزارت حج سعودی عرب کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو مدینہ منورہ میں حجاج کرام کے پاسپورٹس وغیرہ کے معاملات سنبھالتا ہے اور مدینہ منورہ میں حجاج کرام کی آمد اور مدینہ منورہ سے جدہ روانگی کے انتظامات کرتا ہے۔

## معلمین کی ذمہ داریاں

سعودی عرب میں جدہ سے مکہ مکرمہ اور مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ سے جدہ، مکہ (عزیزیہ،شیشہ،غساہ وغیرہ) سے منیٰ اور منیٰ سے عرفات ومزدلفہ، منیٰ سے مکہ مکرمہ (عزیزیہ،شیشہ،غسالہ وغیرہ) آمدورفت کے لئے بسوں کا انتظام کرنا معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے جو کہ وزارت حج اور نقابہ سیارات کی ہدایت کا پابند ہوتا ہے۔ مشاعر میں ہر بس کے ساتھ ایک مرشد (رہبر) کا بندوبست کرنا معلم کی ذمہ داری ہے۔

مزید یہ کہ حجاج کرام کو عمرہ کی ادائیگی کے لئے مکہ مکرمہ پہنچانا بھی معلم کے ذمہ ہوتا ہے نیز اگر ڈرائیور راستہ بھول جائے تو گروپ لیڈر کو قصوروار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

منیٰ میں معلم کی طرف سے میٹریس اور خیموں میں حجاج کی تعداد کا تعین وزارت حج سعودیہ کرتی ہے ان حالات میں کشادہ قلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے ساتھی حجاج کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔

سعودی عرب میں حجاج کرام کے پاسپورٹس کی دیکھ بھال کی ذمہ داری بھی معلم کی ہوتی ہے۔

منیٰ وعرفات میں حجاج کرام کو کھانا اور چائے پانی فراہم کرنا معلم کے ذمہ ہوتا ہے۔

منیٰ وعرفات میں بنائے گئے غسل خانوں/Bathrooms کی صفائی ستھرائی کا انتظام کرنا معلم کے کام ہوتا ہے۔

بجلی کے آلات مثلاً پنکھے، لائٹس اور ریگستانی کولر کی دیکھ بھال بھی معلم کرتا ہے۔

## وزارتِ مذہبی امور پاکستان کی ذمہ داریاں

حج پالیسی مرتب کرنا وزارت مذہبی امور کا اختیار ہے۔ حج سے متعلقہ تمام معاملات کی پاکستان اور سعودی عرب میں نگرانی کرنا۔

سعودی ایمبیسی سے حجاج کرام کے E-Visa لگوانا

ہر قسم کی مطلوبہ ویکسینیشن (Vaccination) کی فراہمی کو یقینی بنانا۔

## سعودی وزارتِ حج کی ذمہ ایئرلائن کی ذمہ داریاں

☆ مختلف ایئرلائنز پاکستان سے حجاج کرام کی سعودی روانگی اور واپسی فلائٹ کے شیڈول طے کرتی ہے۔ فلائٹ کی تاخیر کی تمام تر ذمہ داریاں ایئرلائن کی ہے۔ ایئرلائن حجاج کرام کے لئے ایئرٹکٹ صرف بذریعہ کوٹہ ہولڈر HGO جاری کرتی ہیں۔

☆ حجاج کرام کے سامان بک کرنے کے بعد اس کی حفاظت کرنا اور منزل مقصود پر پہنچانا ایئرلائن کی ذمہ دار ہے۔ سامان کا کھو جانا یا منزل مقصود پر نہ پہنچنا کمپنی کی ذمہ داری نہیں ہے۔

## کمپنی کی خدمات

☆ حج کیلئے بغیر قرعہ اندازی منظور شدہ حج فارم مہیا کرنا

☆ کسی بھی ایئرلائن کی ان ڈائریکٹ فلائٹ Stay 6 سے 8 گھنٹے مہیا کرنا

☆ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش کا انتظام ☆ حج تحائف برائے حجاج کرام

☆ حج ویزہ کا حصول ☆ معلم کا بندوبست ☆ منیٰ اور عرفات میں معلم کے ذریعے خیموں کا انتظام

☆ راؤنڈ ٹرپ ایئر کنڈیشن ٹرانسپورٹ ☆ Vaccination

☆ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ناشتہ و کھانا میسر کیا جائیگا۔ جو کہ 2 ٹائم اور 2 ڈش ہوگا

☆ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مضافات میں زیارات مقدسہ کرانا شارٹ پیکج کی صورت میں زیارات ممکن نہیں ہیں

## حجاج کرام کی ذمہ داریاں

☆ مشین ریڈایبل پاسپورٹ مہیا کرنا جسکی معیاد 26 دسمبر 2025 سے کم نہ ہو ☆ وارث کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

☆ حاجی کا موبائل نمبر ☆ خون گروپ کی سرٹیفکیٹ مہیا کرنا ☆ حاجی ڈاکٹری سرٹیفکیٹ نیز حفاظتی ٹیکوں کا سرٹیفکیٹ مہیا کرے گا۔

☆ وارث موبائل نمبر ☆ 6 تصاویر 3x4cm ہلکے نیلے بیک گراؤنڈ کے ساتھ۔ نادرا شناختی کارڈ کی 2 عدد کاپیاں (اصل نادرا شناختی کارڈ دکھانا لازمی ہے)

☆ حکومت پاکستان اور سعودی حکومت کے قوانین / ہدایات پر مکمل عمل درآمد کرنا۔

☆ حاجی شناختی کارڈ ڈیٹا نادرا سے کلیئر نہ ہونے کی وجہ سے ویزہ ایمبیسی میں سٹیمپ نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔ اور جو خرچہ ہو چکا ہوگا وہ حاجی سے کاٹا جائے گا۔ ☆ معذور افراد کیلئے قوانین کے مطابق مددگار ساتھ رکھنا ضروری ہے۔

☆ خواتین کیلئے شرعی محرم ضروری ہے۔ غلط بیانی کی صورت میں تمام تر ذمہ داریاں حاجی پر ہوں گی۔ اعتماد آفس سے فنگر پرنٹ کرانا اور اسکی رسید حاجی خود حاصل کرنے کا پابند ہوگا

☆ نادرا میں ڈیٹا بلاک ہونے کی صورت میں حاجی سسٹم میں اپنا ڈیٹا اوپن کرانے کا خود ذمہ دار ہوگا۔

☆ سرکاری ملازمت کی صورت میں اپنے محکمہ سے چھٹی اور NOC حاصل کرنا حاجی کی ذمہ داری ہے۔ اور ایئرپورٹ پر طلب کرنے پر حاجی خود دیکھائے گا۔

☆ حاجی کو رقم بینک ڈرافٹ یا پے آرڈر کی صورت میں دینا ہوگی۔ اور اس کی رسید ضرور حاصل کرے۔

☆ حاجی صاحبان نے گذشتہ 5 سال میں حج یا اسی سال عمرہ ادا کیا ہو تو سعودی حکومت کی طرف سے اگر اضافی ٹیکس لگا تو یہ اضافی ٹیکس حاجی صاحب خود ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ☆ حاجی صاحبان فلائٹ کی روانگی سے 72 گھنٹے پہلے PCR ٹیسٹ کی منفی (ve-) رپورٹ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

☆ حاجی صاحبان سعودی عرب کی طرف سے منظور شدہ کرونا ویکسین لگوا کر سرٹیفکیٹ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

☆ حاجی صاحب کسی بیماری کی دوا اگر استعمال کرتا ہے تو حاجی صاحب ڈاکٹر کے لیٹر پیڈ پر ادویات لکھوا کر اور ڈاکٹر کی مہر لگوا کر حاجی کیمپ میں سیل کروا کے ساتھ لے جا سکتا ہے۔

☆ یاد رکھیں عرفات سے مزدلفہ اور منیٰ میں قیام ایک مشکل مرحلہ ہے۔ عرفات میں کپڑے کے خیموں میں کچی زمین کے اوپر دریوں پر وقت گزارنا، باتھ روم کے آگے لمبی لمبی لائنیں (تقریباً 500 افراد کیلئے ایک باتھ روم) مزدلفہ میں تمام رات کھلے آسمان تلے رہنا۔ ہوا، سردی اور بارش وغیرہ جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں حاجی ایک ساتھ عرفات سے مزدلفہ اور منیٰ حرکت کرتے ہیں۔ لہذا ہر مشکل موقع پر اپنے نفس پر قابو رکھتے ہوئے حجاج کا انتظامیہ اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون لازمی ہے۔ ان مشکلات کو صبر و استقامت سے برداشت کرنا ہی حج کی تربیتوں میں سے ایک اہم ترین تربیت ہے۔

☆ صحت مند مرد اور خواتین جو مزدلفہ میں قیام کرنا چاہتے ہیں وہ عرفات سے مزدلفہ بسوں میں جائیں گے اور بسیں عموماً کم ملتی ہیں لہذا باہم تعاون کے ساتھ ہی انہی بسوں میں سفر کرنا ہوگا۔ (یاد رکھیں عرفات، منیٰ، مکہ کیلئے بسیں حکومت سعودیہ کی طرف سے معلم فراہم کرتا ہے انتظامیہ اس سلسلے میں کچھ نہیں کر سکتی) بسوں سے مزدلفہ میں اتر کر دوسرے دن بعد طلوع آفتاب منیٰ کے خیموں تک پیدل جانا پڑتا ہے۔ اسی طرح اگر محسوس کیا جائے کہ حدود مزدلفہ میں طلوع فجر تک بسوں کے ذریعہ داخل ہونا مشکل ہے۔ تو پھر مزدلفہ کا باقی سفر پیدل کرنا پڑتا ہے۔

☆ منیٰ سے شیطان کو کنکریاں مارنے اور طواف زیارت کیلئے مکہ مکرمہ اور منیٰ واپس آنا حاجی خود پیدل چل کر یا خود سواری کا بندوبست کرے گا۔ اس کے لئے کمپنی ٹرانسپورٹ مہیا نہیں کرے گی۔

☆ ۱۲ ذی الحج کو منیٰ سے بعد از نماز ظہر مکہ واپس آنے کیلئے بسیں معلم فراہم کرتا ہے۔ جس کو ملنے میں دیر ہو جاتی ہے۔ اور اس کے علاوہ بسیں بھی کم ہوتی ہیں اگر بسیں اتنی دیر سے ملیں کہ ہم مغرب س پہلے منیٰ حدود نہیں چھوڑ سکیں گے تو حجاج 13 کی شب منیٰ میں قیام کریں گے اور 13 کو تینوں شیاطین کو کنکریاں مار کر مکہ روانہ ہوں گے۔ اگر اس صورتحال میں کوئی حاجی اپنی ذمہ داری پر 12 ذی الحجہ کو بعد نماز ظہر مکہ جانا چاہے تو جا سکتا ہے، مگر اس کی تمام ذمہ داری حاجی پر ہوگی۔ ☆ اسی طرح مزدلفہ میں خیمے نہیں ہوتے اور 9 اور 10 ذوالحجہ کو رات کھلے آسمان کے نیچے گزارنا پڑتی ہے

☆ حاجی کیمپ تک حاجی خود آئے گا اور بتائے ہوئے وقت پر اگر حاجی کیمپ نہ پہنچ سکا تو کسی بھی صورتحال کا حاجی خود ذمہ دار ہوگا

☆ سرکاری ملازمت کی صورت میں حاجی کو بیرون ملک سفر کرنے کیلئے چھٹی اور NOC کی ضرورت ہوتی ہے حاجی کو چھٹی اور NOC خود حاصل کرنا ہوگی اور ائیر پورٹ پر طلب کرنے پر دکھانا ضروری ہے۔

☆ حج کے موقع پر اکثر کام آپس میں ایک دوسرے کے تعاون سے چلتے ہیں، لہذا تمام حاجیوں سے مکمل تعاون کی استدعا ہے

☆ سرکاری ملازمت کی صورت میں حاجی کو اپنے پاسپورٹ میں ملازمت کا اندراج کروانا لازمی ہے۔ اندراج نہ کروانے کی صورت میں اگر FIA حکام کی جانب سے کسی بھی قسم کی کاروائی یا سفر سے روک دیا گیا تو اس کا ذمہ دار حاجی خود ہوگا۔

★ سعودی قانون کے مطابق نسوار سمیت تمام نشہ آور اشیاء کو ساتھ رکھنا سخت ترین جرم ہے کسی بھی حاجی صاحب سے مذکورہ اشیاء برآمد ہونے کی صورت میں حاجی صاحب خود ذمہ دار ہوگا۔ اور کمپنی کسی بھی قسم کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

## دیگر تفصیلات

☆ خواتین کو علیحدہ اور مرد حضرات کو علیحدہ روم فراہم کئے جائیں گے۔ ☆ خواتین کیلئے حجاب ہونا ضروری ہے۔

☆ سعودی حکومت کی طرف سے کچن میں کھانا پکانے کی اجازت نہیں ہے۔ ☆ پیکج کا دورانیہ 28 سے 33 دن ہوگا۔

☆ کمرہ میں کم از کم 5 سے 6 بیڈ ہوں گے۔ ☆ حاجیوں سے وصول کی گئی رقم میں سے کسی قسم واپس نہیں کی جائیگی۔

☆ گروپ آپریٹر کو یہ حق ہوگا کہ کسی بھی ائیر لائن کے ساتھ کسی بھی سیکٹر سے ڈائریکٹ / ان ڈائریکٹ فلائٹ کا ایگریمنٹ کرے۔ حاجی کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا 6 سے 8 گھنٹے (STAY)

★ مدینہ منورہ میں اگر سعودی تعلیمات یا سعودی وزارت حج کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر کوٹہ میں کمی کی وجہ سے 40 نمازیں پوری نہ ہونے کی صورت میں کمپنی پر کسی قسم کی ذمہ داری عائد نہ ہوگی۔ اور اس بابت حاجی صاحب کسی قسم کا تقاضا کرنے کا حق نہیں رکھتا ہے۔ کیونکہ حج کمپنی سعودی وزارت کے خلاف ورزی نہیں کر سکتی اور اس کی تعلیمات کی مکمل پابند ہے۔

Haji Abdullah Khan
(Chief Executive)

# SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd.


## AL AJEER MUNAZAM (Pvt) Ltd.

*Enrollment No. 1207/P*
*Munazam No. 20295*

## (حج پیکج برائے 2025ء (1446 ہجری))

### وزارت مذہبی امور سے منظور شدہ شیئرنگ حج پیکج رقم -/10,70,000 روپے

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب D نیو منیٰ<br>زون 5 | منیٰ میں ایئر کولر، میٹرس بذریعہ معلم، تین وقت کا کھانا، سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم، عرفات میں سپرنگلنگ فین اور ٹینٹ۔ تین وقت کھانا، سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم |
| 2 | مکہ مکرمہ رہائش بلڈنگ | حرم شریف سے فاصلہ 1900 میٹر بغیر شٹل سروس ہوگی شیئرز کرکرے (Shairing Room) 6 حجاج ایک کمرے میں ہونگے۔ مرد اور عورتوں کو الگ الگ کمرے دیے جائیں گے۔<br>نان شیئرنگ کمرے طلب کرنے پر اضافی رقم ادا کرنی ہوگی۔ |
| 3 | مدینہ منورہ رہائش بلڈنگ | حرم شریف سے فاصلہ 1200 میٹر شیئرز کرکرے (Shairing Room) 6 حجاج ایک کمرے میں ہونگے۔ مرد اور عورتوں کو الگ الگ کمرے دیے جائیں گے۔<br>نان شیئرنگ کمرے طلب کرنے پر اضافی رقم ادا کرنی ہوگی۔ |
| 4 | ٹرانسپورٹ | ٹرانسپورٹ (جدہ سے مکہ مکرمہ بذریعہ معلم) اور حج کے بعد مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ یا مدینہ منورہ ایئرپورٹ سفر بذریعہ بس ہوگی۔<br>اور دوران حج بلڈنگ سے منیٰ، منیٰ سے عرفات (روین یعنی روٹ پ) اور عرفات سے مزدلفہ تک 100 حجاج پر ایک بس بذریعہ معلم مہیا کی جاتی ہے<br>مزدلفہ سے جمرات کا سفر پیدل ہوتا ہے، اسی طرح جمرات سے بلڈنگ یا حرم تک طواف زیارت کیلئے کوئی بھی حاجی گاڑی وغیرہ استعمال کرتا<br>ہے تو اُسکا خرچہ وہ خود کریگا۔ اور طواف زیارت کے بعد منیٰ بھی خود خرچہ پر پہنچے گا اور اسی طرح حج مکمل کرنے کے بعد بھی بلڈنگ تک خود پہنچنا ہوگا۔ |
| 5 | کھانا | ناشتہ، دوپہر اور رات کا کھانا ڈبل ڈش بذریعہ کیٹرنگ کمپنی سعودی تعلیمات کے مطابق ہوگی، اور کھانے کے جو اوقات مقرر ہونگے وقت کی پابندی لازمی ہوگی۔<br>دیر ہونے کی صورت میں حاجی خود ذمہ دار ہوگا ایام حج میں 5 دن منیٰ اور عرفات کھانا بذریعہ معلم سنگل ڈش پارسل ہوگا۔ |
| 6 | ایئرلائن | کسی بھی ایئرلائن کی ان ڈائریکٹ فلائٹ ہوگی اور کسی بھی سیکٹر سے ہوگی۔ 6 سے 8 گھنٹے Stay |
| 7 | تحائف | احرام / عبایہ، بیگ، پرس، جائے نماز، زم زم، پانی بوتل، جوتے والی تھیلی، منی بیگ، بیلٹ، پاسپورٹ بیگ وغیرہ |
| 8 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ نوٹ: مختصر دورانیہ میں زیارات ممکن نہیں، طائف وبدر کی زیارات پیکج میں شامل نہیں |
| 9 | ویکسین | اگر کوئی حاجی ویکسین سرٹیفکیٹ میں کسی بھی قسم کی کمی کی وجہ سے آف لوڈ ہوا تو تمام تر نقصان کی ذمہ داری حاجی پر ہوگی۔<br>اور پولیو ویکسین سرٹیفکیٹ حاجی صاحب پر ہوگا۔ |
| 10 | اضافی سہولیات | اضافی سہولیات جیسا کہ مختصر پیکج، ڈبل بیڈ، ٹرپل بیڈ یا چار بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ اور اسکے علاوہ اضافی سہولیات طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کئے جائیں گے |

نوٹ: قربانی پیکج میں شامل نہیں ہے۔ 

حاجی نام محمد کامران ولدیت صاحب جان پاسپورٹ نمبر EN4227972

SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd
ENR: 1207/P
Dera Ismail Khan

چیف ایگزیکٹیو دستخط ومہر

دستخط حاجی ونشان انگوٹھا

Near Dr. Durrani Clinic
North Circular Road,
Dera Ismail Khan (KPK) Pakistan

Email: saffitravel1207@gmail.com
www.saffitravel.com

Ph: 0092-966-720067
Fax: 0092-966-731780
Mob: 0333-9960717

Scanned with CamScanner

**Haji Abdullah Khan**
(Chief Executive)

# SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd.

*Enrollment No. 1207/P*
*Munazam No. 20295*

## AL AJEER MUNAZAM (Pvt) Ltd.

### یادرکھیں

حج ایک مشکل عبادت ہے اس کو آسان اور تفریحی انداز سے نہ لیا جائے لہذا جو شخص بھی حج کا ارادہ کر چکا ہے تو ذہنی طور پر ایک مشکل عبادت کیلئے تیار رہے حج میں روزانہ کم از کم 4 سے 5 کلومیٹر پیدل چلنا پڑتا ہے ایک ساتھ لاکھوں کی تعداد میں افراد مختلف ممالک سے حج کی سعادت حاصل کرنے آتے ہیں جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹ اور ہجوم جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے لئے بہتر ہے کہ آپ جب حج درخواست جمع کرائیں تو اپنے آپ کو ذہنی وجسمانی طور پر تیار کرلیں اپنے میڈیکل چیک اپ کرائیں روزانہ 4 سے 5 کلومیٹر پیدل چلنے کی عادت ڈالیں اور ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنالیں تاکہ حج کے موقع پر آپ کو مشکلات کا احساس کم ہو

## اقرار نامہ

میں مسمی محمد کامران ابن/بنت/زوجہ صاحب جان

پاسپورٹ/حج درخواست نمبر EN4227972 یہ اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے مندرجہ شدہ ہدایات پڑھ اور سمجھ لی ہیں۔

میں ان سب شرائط کو قبول کرنے کے بعد دستخط اور انگوٹھا ثبت کردیا ہے

SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd
ENR: 1207/P
Dera Ismail Khan

چیف ایگزیکٹیو دستخط ومہر

دستخط حاجی ونشان انگوٹھا

Near Dr. Durrani Clinic
North Circular Road,
Dera Ismail Khan (KPK) Pakistan

Email: saffitravel1207@gmail.com
www.saffitravel.com

Ph: 0092-966-720067
Fax: 0092-966-731780
Mob: 0333-9960717

CS Scanned with CamScanner

**Haji Abdullah Khan**
(Chief Executive)


# SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd.

ST (PVT) LTD.

**Enrollment No. 1207/P**
**Munazam No. 20295**

## AL AJEER MUNAZAM (Pvt) Ltd.

حج پیکج برائے 2025ء
(1446ہجری)

ڈبل بیڈ رقم -/15,15,000 روپے
ٹرپل بیڈ رقم -/13,25,000 روپے

وزارت مذہبی امور سے منظور شدہ شیئرنگ حج پیکج رقم -/11,50,000 روپے

اضافی رقم Shoulder Season ٹکٹ کی مد میں رقم -/25000 روپے

کمپنی کی حاجی سے وصول شدہ حج پیکج رقم -/11,75,000 روپے

| سہولیات | مقام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| منیٰ میں ایئر کولر، مٹریس بذریعہ معلم، تین وقت کا کھانا، سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم، عرفات میں سپر کولنگ فین اور ٹینٹ۔ تین وقت کھانا، سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم | مکتب D نیو منیٰ زون 5 | 1 |
| حرم شریف سے فاصلہ 1600 میٹر بغیر شٹل سروس ہوگی۔ مشترکہ کمرے (Shairing Room) 6 حجاج ایک کمرے میں ہونگے۔ مرد اور عورتوں کو الگ الگ کمرے دیے جائیں گے۔ نان شیئرنگ کمرے طلب کرنے پر اضافی رقم ادا کرنی ہوگی۔ | مکہ مکرمہ رہائش بلڈنگ | 2 |
| حرم شریف سے فاصلہ 900 میٹر مشترکہ کمرے (Shairing Room) 6 حجاج ایک کمرے میں ہونگے۔ مرد اور عورتوں کو الگ الگ کمرے دیے جائیں گے۔ نان شیئرنگ کمرے طلب کرنے پر اضافی رقم ادا کرنی ہوگی۔ | مدینہ منورہ رہائش بلڈنگ | 3 |
| ٹرانسپورٹ (جدہ سے مکہ مکرمہ بذریعہ معلم) اور حج کے بعد مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ یا مدینہ منورہ سے مدینہ منورہ ایئر پورٹ سفر بذریعہ بس ہوگی۔ اور دوران حج بلڈنگ سے منیٰ، منیٰ سے عرفات (روین یعنی ون وے) اور عرفات سے مزدلفہ تک 100 حجاج پر ایک بس بذریعہ معلم مہیا کی جاتی ہے مزدلفہ سے جمرات کا سفر پیدل ہوتا ہے، اسی طرح جمرات سے بلڈنگ یا حرم تک طواف زیارت کیلئے کوئی بھی حاجی گاڑی وغیرہ استعمال کرتا ہے تو اُسکا خرچہ وہ خود کریگا۔ اور طواف زیارت کے بعد منیٰ بھی خود خرچے پر پہنچے گا اور اسی طرح حج مکمل کرنے کے بعد بھی بلڈنگ تک خود پہنچنا ہوگا۔ | ٹرانسپورٹ | 4 |
| ناشتہ، دوپہر اور رات کا کھانا ڈبل ڈش بذریعہ کیٹرنگ کمپنی سعودی تعلیمات کے مطابق ہوگی، اور کھانے کے جو اوقات مقرر ہونگے وقت کی پابندی لازمی ہوگی۔ دیر ہونے کی صورت میں حاجی خود ذمہ دار ہوگا ایام حج میں 5 دن منیٰ اور عرفات کھانا بذریعہ معلم سنگل ڈش پارسل ہوگا۔ | کھانا | 5 |
| کسی بھی ایئر لائن کی ان ڈائریکٹ فلائٹ ہوگی اور کسی بھی سیکٹر سے ہوگی۔ 6 سے 8 گھنٹے Stay | ایئر لائن | 6 |
| احرام / عبایہ، بیگ، پرس، جائے نماز، زم زم، پانی بوتل، جوتے والی تھیلی منی بیگ، بیلٹ، پاسپورٹ بیگ وغیرہ | تحائف | 7 |
| زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ نوٹ: مختصر دورانیہ میں زیارات ممکن نہیں، طائف و بدر کی زیارات پیکج میں شامل نہیں | زیارات | 8 |
| اگر کوئی حاجی ویکسین سرٹیفکیٹ میں کسی بھی قسم کی کمی کی وجہ سے آف لوڈ ہوا تو تمام تر نقصان کی ذمہ داری حاجی پر ہوگی۔ اور پولیو ویکسین سرٹیفکیٹ حاجی صاحب پر ہوگا۔ | ویکسین | 9 |
| اضافی سہولیات جیسا کہ مختصر پیکج، ڈبل بیڈ، ٹرپل بیڈ یا چار بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ اور اسکے علاوہ اضافی سہولیات طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے | اضافی سہولیات | 10 |



نوٹ: قربانی پیکج میں شامل نہیں ہے۔

حاجی نام محمد یونس محمود ولدیت عطاء محمد پاسپورٹ نمبر GX-0152703

SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd ENR: 1207/P Dera Ismail Khan

دستخط حاجی و نشان انگوٹھا ________ چیف ایگزیکٹو دستخط و مہر ________


Near Dr. Durrani Clinic
North Circular Road,
Dera Ismail Khan (KPK) Pakistan

Email: saffitravel1207@gmail.com
www.saffitravel.com

Ph: 0092-966-720067
Fax: 0092-966-731780
Mob: 0333-9960717


Scanned with CamScanner

Haji Abdullah Khan
(Chief Executive)

# SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd.

**Enrollment No. 1207/P**
**Munazam No. 20295**

## AL AJEER MUNAZAM (Pvt) Ltd.

### یاد رکھیں

حج ایک مشکل عبادت ہے اس کو آسان اور تفریحی انداز سے نہ لیا جائے لہذا جو شخص بھی حج کا ارادہ کر چکا ہے تو ذہنی طور پر ایک مشکل عبادت کیلئے تیار رہے حج میں روزانہ کم از کم 4 سے 5 کلومیٹر پیدل چلنا پڑتا ہے ایک ساتھ لاکھوں کی تعداد میں افراد مختلف ممالک سے حج کی سعادت حاصل کرنے آتے ہیں جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹ اور ہجوم جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے لئے بہتر ہے کہ آپ جب حج درخواست جمع کرائیں تو اپنے آپ کو ذہنی و جسمانی طور پر تیار کر لیں اپنے میڈیکل چیک اپ کرائیں روزانہ 4 سے 5 کلومیٹر پیدل چلنے کی عادت ڈالیں اور ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنالیں تاکہ حج کے موقع پر آپ کو مشکلات کا احساس کم ہو

## اقرار نامہ

میں مسمی ___محمد یونس محمود___ ابن/بنت/زوجہ ___عطاء محمد___

پاسپورٹ/حج درخواست نمبر ___71207005 # 5___ یہ اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے مندرجہ شدہ ہدایات پڑھ اور سمجھ لی ہیں۔

میں ان سب شرائط کو قبول کرنے کے بعد دستخط اور انگوٹھا ثبت کر دیا ہے

SAFFI TRAVELS (Pvt) Ltd · ENR: 1207/P · Dera Ismail Khan

چیف ایگزیکٹو دستخط و مہر ___________ دستخط حاجی و نشان انگوٹھا ___________

Near Dr. Durrani Clinic
North Circular Road,
Dera Ismail Khan (KPK) Pakistan

Email: saffitravel1207@gmail.com
www.saffitravel.com

Ph: 0092-966-720067
Fax: 0092-966-731780
Mob: 0333-9960717

Scanned with CamScanner

# SAFFI TRAVELS

## (Pvt) Ltd.

Enrollment No. 1207/P Munazam No 20295

**AL AJEER MUNAZAM (Pvt) Ltd.**

*Approved By:*

**MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS**
**(Government of Pakistan )**
**and**
**Kingdom of Saudi Arabia**

Ph: 0092-966-720067-Fax:0092-966-731780-Mob:0333-9960717

E-mail: saffitravel1207@gmail.com www.saffitravel.com

Near Dr. Durrani Clinic, North Circular Road
Dera Ismail Khan, (KPK) Pakistan.